نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت کپاس کی حکمت عملی مرتب کرنے بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اجلاس کا انعقاد

لاہور 03 جنوری 2025: صوبہ پنجاب میں کپاس کی کاشت کے فروغ کیلئے سٹیک ہولڈرز سے تجاویز طلب کی ہیں جن کی روشنی میں کپاس کی کاشت بارے ایکشن پلان تیار کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کپاس کی حکمت عملی مرتب کرنے بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ کپاس کی اگیتی فصل سے فی ایکڑ زیادہ پیداوار حاصل ہوتی ہے۔ کپاس کی اگیتی فصل کو زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت کرایا جائے گا اور زیادہ پیداواری صلاحیت کی حامل کپاس کی منظور شدہ اقسام کاشت کرائی جائیں گی۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے فروری اور مارچ کے مہینے موزوں ہیں۔ گاؤں اور یونین کونسل کی سطح پر خالی زمینوں میں کپاس کی اگیتی کاشت ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائی جائے گی۔ تیلدار فصلوں کی برداشت کے نتیجہ میں خالی ہونے والی زمینوں میں کپاس کی اگیتی کاشت کرائی جائے گی۔ اس کے علاوہ آلو اور کماد کے وڈھوں میں بھی کپاس کی اگیتی کاشت کرائی جائے گی۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر انجم علی اور ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں اور ڈاکٹر عبدالقیوم سمیت دیگر افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆